نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ترشاوہ پھلوں کے تیلے کے کنٹرول بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور **10** ستمبر **2025**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈرز کی رپورٹ کے مطابق ضلع سرگودھا کی تحصیل سرگودھا اور شاہپور میں ترشاوہ پھلوں کے تیلے(Citrus Psylla) کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے جو کہ خاص طور پر کینو اور دیگر ترشاوہ پھلوں کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ یہ کیڑا ترشاوہ پھلوں کے کیرے کا سبب بنتا ہے جو پھل کی کوالٹی کو بری طرح متاثر کرتا ہے اور بڑھوتری کو کم کرتا ہے۔نوزائیدہ اور بالغ ترشاوہ پھلوں کا تیلہ نرم پتوں اور کونپلوں کا رس چوس کر پتوں کے مروڑ اور اُن کے جھڑنے کا سبب بنتا ہے جس سے پودوں کی بڑھوتری رک جاتی ہے ۔مزید براں، پودوں پر سیاہ پھپھوندی کی افزائش جیسے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں جس سے ضیائی تالیف کا عمل متاثر ہوتا ہے۔اگر بروقت تدارک نہ کیا جائے تو یہ حملہ تیزی سے شدت اختیار کرسکتا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے باغبانوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے باغات کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔پودوں کے درمیان مناسب فاصلہ رکھیں۔پودوں کی شاخ تراشی باقاعدگی سے کریں تاکہ کیڑوں کی افزائش نہ ہو اور ضرورت سے زیادہ آبپاشی سے گریز کریں۔ترشاوہ پھلوں کے تیلے کے حملہ کی صورت میں محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کی سفارش کردہ زہروں کا استعمال کریں۔

☆☆☆☆